رجسٹرڈ ایل نمبر ۷۶۹۲

فون نمبر ۳۰۰۱

وہ سجدہ روحِ زمیں جس سے کانپ جاتی تھی
اسی کو آج ترستے ہیں منبر و محراب

ہفت روزہ

المنبر

لائل پور

رئیس التحریر: عبدالرحیم اشرف

زرِ تبادلہ
بشمول ماہوار ایڈیشن
بارہ روپے

فی پرچہ
۲۵ پیسے

استاذ سید البہی الخولی
[illegible]

داعی الی اللہ کی صفت

(۱)

عالم اسلام کی عظیم دینی شخصیت الاستاذ السید البہی الخولی (شیخ الاستاذ حسن البناء شہید [illegible]) مرحوم ہیں۔ آپ کی عظیم تالیف "تذکرۃ الدعاۃ" دعوت و تبلیغ کیلئے نہایت مفید کتاب ہے اس کا ترجمہ مولانا عبد الغفار حسن صدر شعبۂ علوم الحدیث جامعہ اسلامیہ مدینۃ المنورہ نے کیا ہے۔ اس کتاب کی عظمت و اہمیت اپنے عنوان اور مؤلف کے لحاظ سے ہی مسلّم تھی کہ کتاب کا دیباچہ شیخ حسن البناء شہید نے لکھا اور پھر اس سے بڑھ کر یہ کہ ترجمہ مولانا عبد الغفار حسن ایسے جید عالم دین نے کیا۔ (ادارہ)

الحمد للہ والصلوۃ والسلام علی رسولہ ومن والاہ۔

میرے چند دوست عرصہ سے یہ مطالبہ کر رہے تھے کہ دعوتی و تبلیغی نقطۂ نظر سے ایک ایسی کتاب لکھوں جس میں داعی الی اللہ کی صفات بیان کرنے کے لئے مفید ہدایات درج ہوں۔ ان دوستوں نے اپنے لئے "تذکرۃ الدعاۃ" کا نام منتخب کیا تھا۔ میں اپنی کم علمی اور بے مائیگی کو دیکھتے ہوئے اس کام کا بیڑا اٹھانے سے گریز کرتا رہا لیکن یہ سوچتے ہوئے آخر کار میں اپنے دوستوں کی طرح حسن ظن سے کام لوں اس عظیم کام کو اپنے سر اٹھا لیا۔

آج میں چند خیالات کا یہ مجموعہ آپ کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ اس سلسلہ میں سب سے زیادہ مستحق تو وہ لوگ ہیں جنہوں نے میرے سامنے یہ تجویز پیش کی۔ طبیعت کو آمادہ کیا اور [illegible] کا موقع دیا۔

میں ہر اس قاری سے معذرت خواہ ہوں کہ جسے اس میں [illegible] امید ہے کہ قارئین کرام میری لغزشوں پر مجھے معاف فرمائیں گے اور میری کسی کمزوری کو قابل التفات نہیں سمجھیں گے۔

○ خطابت کیلئے نہیں!

یہاں میں واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ [illegible] خطابت کے فنی قواعد پر بحث نہیں کی گئی [illegible]

[illegible]

○ داعی اور خطیب کا فرق!

[illegible]

وہ اپنی مخلصانہ نصیحتوں سے لوگوں کے دلوں کو موہ لیتا ہے۔ داعی ایک طبیب بھی ہے جس کا کام [illegible] امراض کا علاج اور معاشرے کے بگاڑ کی اصلاح کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ ایک ناقد بھی ہے اور بصیر بھی۔ اس کی تمام زندگی صرف اصلاح پر موقوف ہوتی ہے۔ وہ ایک اچھا ساتھی بھی ہے اور ہمدرد دوست بھی، خواہ امیر ہو یا فقیر، بڑا ہو یا چھوٹا، ہر شخص اس کا بھائی ہے۔ [illegible] پیکر محبت اور اخلاص [illegible] بنا دیتی ہیں۔ رحمت و شفقت اس کی آنکھوں سے جھلکتی ہے اور غمخواری و ہمدردی اس کی ایک ایک ادا سے ظاہر ہوتی ہے۔

ایک داعی اپنے حدود میں ایک قائد، اپنے ماحول میں ایک سیاستدان اور اپنے ہم مسلک ساتھیوں میں ایک لیڈر کی حیثیت رکھتا ہے۔ خطابت میں اور تمام چیزوں کے سامنے کی جگہ کہاں؟

میں یہ کہتے ہوئے خطابت کی اہمیت سے چشم پوشی نہیں کر رہا بلکہ میں ایک داعی کی صفات بیان کرتے ہوئے یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ [illegible] گفتگو کا مرکز و محور دعاۃ الی اللہ ہیں نہ کہ خطباء۔

○ روحانی وادیاں

[illegible] دعوت [illegible] دعوت ہے [illegible] دعوت [illegible] اس کی ذات ہے۔

[illegible] قارئین کرام اس کتاب کو پڑھتے وقت اپنے آپ کو [illegible]

[illegible] کوئی میدان نہیں مار سکی۔

اگر میں نے اس کتاب کے بعض ابواب میں قارئین کرام کو روحانیت سے سرشار [illegible] میں لے جانے کی کوشش کی ہے [illegible]

اصلاح کے میدان [illegible] جو خوش نصیب اپنی فطرت کے اسرار کو پا لینے میں کامیاب ہو جاتے ہیں [illegible] حق اس کے سامنے آشکارا ہو گیا اور اس نے اپنے نفس کو [illegible] بچانے والی [illegible] کی راہ دیکھ لی [illegible] درحقیقت اسی وقت اس پیغام کو نظریاتی زندگی سے عملی زندگی پر [illegible]

○ شطابت اور خطابت

اس کے بعد بھی اگر آپ کو اس کتاب میں ایسی خطابت کے نمونے ملیں [illegible] سیاسی اور انتخابی ہنگاموں [illegible] سرکاری و غیر سرکاری شخصیتوں [illegible]

[illegible]

ہفت روزہ المنبر لائلپور

جلد ۱۲ | ۲ ذیقعدہ ۱۳۸۷ھ مطابق ۲ فروری ۱۹۶۸ء | شمارہ ۳۶

ثقافتی طائفے، اصلاح معاشرہ اور خدا کا عذاب

ایک خبر تو یہ ہے کہ قومی عوامی جمہوریہ چین کا ۳۵ ممبروں کا ایک ثقافتی طائفہ ۱۰ جنوری کو پاکستان کے تین ہفتے کے دورے پر پاکستان آرہا ہے (اب آچکا ہے)۔ ثقافتی طائفہ ۲۹ مردوں اور ۵ عورتوں پر مشتمل ہوگا جن میں لوک گیت کے موسیقار اور رقاصائیں شامل ہوں گی۔ مرکزی وزارت تعلیم کے مرتب کردہ پروگرام کے مطابق یہ طائفہ [illegible] کراچی، پشاور، راولپنڈی، لاہور، ڈھاکہ اور چٹاگانگ میں پندرہ بار اپنے فن کا مظاہرہ کرے گا۔

دوسری خبر میں بتایا گیا ہے کہ ۲۶ ممبروں پر مشتمل شام کا ایک ثقافتی طائفہ کراچی پہنچ گیا ہے۔ اس طائفہ میں ۱۰ فنکار لڑکیاں بھی شامل ہیں۔ یہ طائفہ آرٹس کونسل کے تحت اپنے فن کا مظاہرہ کرے گا۔

اسی سلسلہ کی دو اور خبریں بھی ملاحظہ ہوں:

ملتان: جشن ملتان مارچ میں منایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر ملتان کے زیر صدارت اجلاس میں جشن ملتان منانے کے لئے ایک رنگا رنگ پروگرام مرتب کیا گیا ہے۔ گورنر مغربی پاکستان نے جلسہ میں شرکت کی دعوت قبول کر لی ہے۔

لاہور: [illegible] مقامی موسیقاروں کے اجتماع میں "راگنی" کے نام سے ایک انجمن قائم ہوئی ہے۔ گروپ کے تمام ارکان [illegible] گریجویٹ ہیں اور انہیں موسیقی کی مختلف اصناف کا خاصا تجربہ ہے۔ اس گروپ کا مقصد پاکستانی موسیقی کو جدید انداز میں پیش کرنا ہے۔ یہ گروپ اپنا پہلا پروگرام [illegible] وفد کے اعزاز میں پیش کرے گا جو ۹ فروری کو لاہور پہنچ رہا ہے۔

بیرون پاکستان سے پاکستان کے دوست ملک چین اور پاکستان کے ہم مذہب اور برادر ملک شام سے دو طائفے اور اندرون ملک کی [illegible] ثقافتی انجمنیں، ان کی پذیرائی، ان کے رقص و سرود اور مجالس موسیقی [illegible] زیادہ [illegible] کے مواقع بھی ہم پیدا کر رہے ہیں اور مستقل طور پر فنون لطیفہ اور رنگا رنگ پروگراموں کو ملک میں عام کرنے کیلئے [illegible] اقتصادی [illegible] مسائل [illegible] ملک کے [illegible] اصلاح معاشرہ کے کام [illegible] میدان میں نکل آئیں [illegible] اصحاب اقتدار سے ہمیں یہ سوال کرنا ہے کہ

(۱) کیا قرآنی تعلیمات اور اسوۂ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] رقص و سرود، مرد و زن کے بے محابا اختلاط اور مجالس موسیقی کے مابین کوئی تضاد ہے یا نہیں؟

(۲) اگر قرآن یہ کہتا ہے کہ مرد و زن کا اختلاط [illegible] عورتوں کا پردے [illegible] احکام سے انحراف کے مترادف ہے — اور قرآن یہ بھی کہتا ہے کہ پچھلی امتوں پر [illegible] عذاب [illegible] صفحۂ ہستی سے ناپید ہو گئیں [illegible] اس قسم کی بے حیائی [illegible] کی دعوت دے رہے ہیں جو ثقافت کے نام پر [illegible] قوم لوط [illegible] عام کر رہے ہیں — آپ ہی سوچنا چاہئے کہ اس دنیا میں ہمارا انجام کیا ہوگا اور جب ہم روز حشر [illegible] آئیں [illegible] احکم الحاکمین کے اس ارشاد کو بھی سامنے رکھئے:

ان الذین یحبون ان تشیع الفاحشة فی الذین آمنوا لهم عذاب الیم فی الدنیا والآخرة والله یعلم وانتم لا تعلمون (النور)

جو لوگ چاہتے ہیں کہ مسلمانوں میں بے حیائی کی اشاعت ہو ان کے لئے دردناک عذاب ہے دنیا اور آخرت دونوں میں، تم [illegible] اللہ اس سے آگاہ ہے!

[illegible] قرآن [illegible] رسول صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] خطابات فرماتے ہیں — اور [illegible] ثقافتی طائفوں کے پروگرام مرتب فرماتے ہیں، لڑکیوں کے رقص و سرود کا اہتمام بھی کرتے ہیں [illegible] دستور [illegible] قرآن و سنت کے مطابق اپنی زندگیاں ڈھالیں — [illegible] حساب نہیں ہوگا — اگر حضرات [illegible] سوال بہرحال سننا ہوگا کہ

تم نے [illegible] اصلاح کے تمام بلند دعوے [illegible] بے حیائی [illegible] دستور کے عہد کو توڑنے اور [illegible] عذاب [illegible] کیوں نہ چلایا جائے؟

مذہب کے نام پر قتل

متعدد دوسرے واقعات کی طرح ضلع جھنگ [illegible] ایک حافظ قرآن کو [illegible] قتل [illegible] اور [illegible] قتل ہوگئے۔

[illegible] پاکستان میں مذہبی اختلافات [illegible] جھنگ میں ہوا ہے۔

[illegible] پاکستان [illegible] مذہب کے نام پر قتل [illegible]

مذہب کی تعبیر کے وہ اختلافات جن میں وہ اصول مسلم ہوں [illegible] اللہ تعالیٰ کی توحید [illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سلسلہ نبوت کا کلی انقطاع [illegible] ایک دوسرے کا احترام [illegible] ایک شخص [illegible] اور کوئی شخص حضور پر سلسلہ نبوت کے انقطاع [illegible] آپ کے بعد کسی [illegible] مسلمان کو [illegible] جان و مال اور عزت و آبرو پر حملہ کرے۔

پاکستان میں بعض مذہبی عناصر جو ایک دوسرے کے خلاف ایسی نفرت انگیزی کر رہے ہیں جن کا لازمی اثر قسم کے اقدامات قتل ہیں وہ ایسے واقعات کے براہ راست ذمہ دار ہیں۔ اگر وہ اس شنیع فعل [illegible] مذہب [illegible] باز نہیں رہتے تو یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ انہیں راہ راست پر لائے — وہ خدا کے قانون کا مطالعہ تو ان کی نگاہ میں [illegible] واقعہ [illegible] تعصب [illegible] ہیں جو مذہبی اختلافات کی بنا پر قتل و غارت کا سبب بنتے ہیں۔ قیامت کے دن یہ بطور قاتل [illegible] محشر کے حضور پیش ہوں گے۔

زر تعاون

[illegible]

اگر کل یہی سوال دوسرے زمانے میں ملک اور اسی طرح دوسرے مسلم دشمن ممالک کے علاوہ دین سے بھی ہوگا کہ تم نے یوں ہمارے حبیب کی امت کو گمراہ ہوتے دیکھا اور تم یہ تماشہ کرتے رہے کہ ہماری حدود تمہاری آنکھوں کے سامنے پامال کی گئیں، لیکن تم آپس میں الجھتے اور لڑتے رہے یا پھر ذاتی مفادات کے حصول ہی میں مصروف رہے ۔۔۔ کیا تم بھی اور ہمارے عظیم رسول سے غداری کے مرتکب نہیں ہوئے ہو ۔۔۔؟

اور پھر اسلامی ریسرچ کونسل، اسلامی مشاورتی کونسل اور دوسرے ان اداروں کے ارباب اختیار سے بھی سوال ہوگا کہ تم چپ تو رہے اسلام کے نام پر تنخواہوں سے لیکن تم نے اسلام پر کئے گئے حملوں کو دیکھے اور ٹس سے مس نہ ہوئے، بتاؤ تمہیں آج کیوں نہ ان لوگوں کے زمرہ میں شریک کیا جائے جو خلاف مملکت الہیہ سازشوں میں شریک ہیں اور جن کے تشخص اور تحریر کو صدود مملکت میں در آنے سے روکنے کے بجائے اس کے ہم قریب جاتے ہیں۔

اگر اسی طرح ہم تمام صحافیوں، مفکروں، ادیبوں، شاعروں، خطیبوں، ائمہ اور عام مسلمانوں سے بھی اسی نوع کے سوالات ہونگے اور ہر ایک کی نجات کا دارومدار انہی سوالات کے جواب دینے پر ہوگا۔

کیا ہم آج اس کو پیش آنے والے مسلسل سوالات کو سامنے رکھ کر اپنے طرز عمل کی اصلاح پر آمادہ ہیں ۔۔۔ یا ہم اس کے منتظر ہیں کہ ہمیں اسی دنیا میں جو انجام عاد، ثمود، قوم صالح، قوم لوط اور قوم ہود کا ہوا، وہی انجام ہمارا ہو اور کل ہم خزی کے ساتھ اٹھائے جائیں ۔۔۔ ؟؟؟

مولانا منظور احمد اور قادیانی

قادیانی امت مسلمانوں کو دعوت دیتی ہے کہ وہ مرزا غلام احمد کو وقت کا نبی تسلیم کریں۔ اگر وہ ایمان لے آئیں گے تو ان کا اسلام معتبر ہوگا اور اگر وہ مرزا غلام احمد کو صادق نبی تسلیم نہ کریں تو وہ کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہوں گے۔

قادیانی امت کی اس دعوت کا جواب مسلمان یہ دیتے ہیں کہ خداوند ذوالجلال نے نبوت کا سلسلہ سیدنا آدم علیہ السلام سے شروع کیا اور حضور خاتم النبیین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس سلسلے کو ختم کر دیا۔ حضور قصر نبوت کی آخری اینٹ ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مسیلمہ کذاب نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا خود سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کذاب کا خطاب دیا اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امت کو اس کے جھوٹے امتیوں کے ہمراہ جہنم رسید کیا۔ اس کے بعد جو شخص بھی نبوت کا دعویٰ کرتا ہے وہ سلسلہ مسیلمی کا ایک فرد ہے۔

مسلمانوں اور قادیانیوں کے مابین یہ نزاع ستر برس سے جاری ہے اور جب تک قادیانی امت موجود ہے یہ نزاع جاری رہیگا۔ مرزا غلام احمد نے اپنی زندگی میں مسلمانوں کے تمام فرقوں کے علماء کو مخاطب کیا۔ انہیں اپنی نبوت تسلیم کرنے کی دعوت دی اور یہ بھی کہا کہ کل مسلم یقبلنی ویصدق دعوتی الا ذریۃ البغایا (ہر مسلمان میرے دعویٰ کو قبول کرے گا اور میری تصدیق کرے گا بجز ان کے جو بدکار عورتوں کی اولاد ہیں) اور جن لوگوں نے مرزا غلام احمد کے دعوے کے ابطال میں سرگرمی کا مظاہرہ کیا ان کے بارے میں مرزا غلام احمد نے فرمایا: ان العدیٰ صاروا خنازیر الفلا ونساءہم من دونہن الاکلب (میرے دشمن جنگلوں کے سؤر ہیں اور ان کی عورتیں کتیاں ہیں) اس کے ساتھ مرزا غلام احمد نے متعدد بار اپنے مخالف علماء کو

"مباہلہ" کی دعوت دی۔ جس کا مفہوم یہ ہے کہ مرزا غلام احمد اور ان کے مخالف علماء ایک میدان میں جمع ہو کر خدا کے حضور سے دعا کریں کہ ہم میں سے جو جھوٹا ہے اس پر عذاب نازل ہو ۔۔۔ "مباہلہ" کی اس دعوت اور اس کے انجام ونتائج کی بحث دلچسپ بھی ہے اور طویل بھی اور نفس مباہلہ کے سلسلے میں بھی بعض اہم پہلو قابل توجہ ہیں، ان کی تفصیل یہ موقع نہیں ...... اسی دعوت مباہلہ کا ایک حصہ یہ ہے کہ مولانا منظور احمد (چنیوٹ) نے آنجہانی مرزا محمود احمد کو ان کی زندگی میں دعوت مباہلہ دی، جو انہوں نے منظور نہ کی تب سے اب تک مولانا منظور احمد ہر سال اس دعوت کی تجدید کرتے ہیں۔

ظاہر ہے جب قادیانی حضرات مسلسل مرزا غلام احمد کی نبوت کو مسلمانوں کے سامنے پیش کرتے ہیں اور وہ تمام کتابیں، رسائل، پمفلٹ اور منظومات مسلسل شائع کر رہے ہیں جن میں امت مسلمہ کے علماء کو مباہلہ کا چیلنج دیا گیا ہے۔ تو مسلمان علماء کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ قادیانیوں کے اس چیلنج کا جواب بھی دیں اور خود بھی انہیں مباہلہ کی دعوت دیں ۔۔۔ مگر یہ عجیب ستم ظریفی ہے کہ قادیانیوں کو اس دعوت کے اعادہ کی کھلی چھٹی ہے لیکن جو لوگ اس کا جواب دیتے ہیں ان پر خلاف امن سرگرمیوں کا الزام عائد کر کے ان پر پابندیاں عائد کی جاتی ہیں۔

ایسا ہی ایک اقدام اس وقت ہمارے سامنے ہے۔ ایک مقامی روزنامہ کی اطلاع کے مطابق "ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ جھنگ نے ناظم جامعہ عربیہ چنیوٹ مولانا منظور احمد کو ایک حکم کے ذریعہ انتباہ کیا ہے کہ وہ تین ماہ تک کوئی ایسی حرکت نہ کریں جو امن عامہ کے منافی ہو۔"

ہم ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ صاحب جھنگ سے عرض کریں گے کہ وہ براہ کرم اپنے ضلع کے قصبہ "ربوہ" سے شائع ہونے والی کتب، اہل ربوہ کی تقریروں اور اسی ضلع میں ان کی دوسری سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیں اور اگر ممکن ہو تو وہ اس کی تحقیق بھی فرمائیں کہ کیا کبھی اور متعدد بار ایسا بھی ہوا ہے کہ ربوہ کے حکمرانوں نے بعض اشخاص کا بائیکاٹ کیا اور بعض کا داخلہ حدود ربوہ میں بند کیا اور حالانکہ یہ لوگ نہ اپنے رشتہ داروں سے مل سکتے ہیں اور نہ مملکت ربوہ کی حدود میں داخل ہو سکتے ہیں؟ ۔۔۔ اگر یہ اطلاعات درست ہیں تو انہیں غور فرمانا ہوگا کہ چنیوٹ کے ایک غریب مولانا اور ربوہ کے "امیر المومنین" اور ان کے قاہرانہ نظام سے سلوک میں تفاوت کی وجہ جو کچھ بھی ہو اس تضاد کا اثر ملک کے عام باشندوں کے ذہنوں پر کیا مرتب ہوگا اور بالآخر حکومت کے بارے میں عوامی احساسات کیا ہوں گے؟

میڈیکل اور طبیہ کالج
وزارت صحت اور طبی بورڈ متوجہ ہو

اسلام آباد سے جاری ہونے والے ایک اعلان کے مطابق کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان کی ممبرشپ اور فیلوشپ کے امتحانات کے لئے کئی میڈیکل کالجوں کو ڈاکٹروں کی تربیت کے لئے تسلیم کر لیا گیا ہے ۔۔۔ یہ ایک اچھا اقدام ہے اور اس سے ایلوپیتھی کی تعلیم عام کرنے اور زیادہ سے زیادہ مستند ڈاکٹر تیار کرنے میں سہولت میسر آنے کی توقع ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ طب اسلامی کی بقا اور نئی تعلیم کا ہوا جہاں تک تعلق ہے اس سے سرد مہری سے کام لیا جا رہا ہے۔

گذشتہ سال حکومت پاکستان کے نامزد کردہ طبی بورڈ

کا انکوائری کمیٹی نے ملک کے متعدد نئے طبی کالجوں کا معائنہ کیا تھا اور بورڈ کے اجلاس کے بعد بھی ذمہ داران طبی بورڈ نے اس امر کا اظہار کیا تھا کہ عنقریب ان طبیہ کالجوں کو تسلیم کرنے کا اعلان کر دیا جائے گا، جن کی سفارش طبی بورڈ کی انسپکشن ٹیم نے کی ہے، مگر یہ سال گذر گیا اور اب نئے سال کا پہلا مہینہ بھی ختم ہو چکا ہے، ہنوز ملک کے کسی بھی نئے طبی تعلیمی ادارے کی منظوری کی اطلاع نہیں دی گئی۔ جس کا ایک نتیجہ تو یہ برآمد ہو رہا ہے کہ طبی تعلیم حاصل کرنے والے امیدوار ان درسگاہوں میں داخلہ لینے سے متامل ہیں جن کے منظور کئے جانے کی اطلاع طویل مدت کے باوجود نہیں دی گئی ہے، یہ تو ظاہر ہے کہ طبی ادارے مالی خسارے کے عظیم بار کے سبب چپ چاپ بیٹھ کر اساتذہ کی تنخواہیں ادا ہو رہی ہیں، بلکہ نگرانی کے کرائے ادا کئے جا رہے ہیں، تعلیمی ضروریات کے مصارف ہو رہے ہیں اور معمولی قسم کی آمدنی جو فیسوں کی صورت میں ملتی تھی وہ بھی نہیں ہو رہی اور ان اداروں کا اعتماد بھی متزلزل ہو رہا ہے۔

ہم وزارت صحت اور ذمہ داران طبی بورڈ سے درخواست کریں گے کہ نئے طبی اداروں کی منظوری کا اعلان بلا تاخیر کیا جائے تاکہ فروری مارچ میں داخلے کے اعلانات بروقت ہو سکیں۔ ہم متوقع ہیں کہ اس گزارش پر فی الفور توجہ دی جائے گی۔

آہ چوہدری بہاول خان ناگرہ غفر اللہ لہ

جماعت اسلامی کے ممتاز رکن اور مرکزی مجلس شوریٰ کے ممبر محترم چوہدری بہاول خان صاحب ناگرہ پچھلے ہفتے رحلت فرما گئے۔ چوہدری صاحب ممدوح ایک نیک سیرت مسلمان تھے، عبادات سے شغف، معاشرے کی اصلاح کا جذبہ اور اسلام کی سربلندی کی لگن، ان کی وہ خوبیاں تھیں، جو اختلاف و اتحاد کے ہر عنوان پر قائم تھیں، ان کی وفات بھی قابل رشک ہوئی کہ وہ وفات سے کچھ عرصہ قبل بھی اپنے رفقاء کو اس جانب توجہ دلا رہے تھے کہ رمضان مبارک میں سیرت صادقہ کا جو پروگرام بنایا گیا تھا، رفقاء نے اس پر کس حد تک عمل کیا ہے؟ اس کی رپورٹیں طلب کی جائیں۔

طریق کار، بعض افکار و نظریات اور جماعتی امور سے اختلاف بلاشبہ یہ باتیں بھی اہمیت رکھتی ہیں، اور ان میں مرحوم اور ان کے ہمارے گروہ سے شدید ترین اختلافات اپنی جگہ موجود ہے لیکن اسلام اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے افراد ہونے کا رشتہ ہر سبب پر فائق ہے، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان کی حسنات کو قبول فرمائیں، لغزشوں سے درگذر فرمائیں اور اپنی رحمت کے سائے ان پر دراز فرمائیں۔ آمین۔

عبدالرشید اشرف

مولانا سید محمد داؤد غزنوی رحمۃ اللہ علیہ

قسط اول

پہلی جنگ عظیم میں انگریز کی فتح پر ہندوستان کو رولٹ ایکٹ ملا جس سے مسلمانان ہند میں غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی۔ امرتسر میں جلیانوالہ باغ کا حادثہ پیش آیا جس سے پورے ملک میں آگ سی لگ گئی۔ انگریز کے ظلم و تشدد کی وجہ سے تمام پنجاب میں عموماً اور امرتسر میں خصوصاً خوف و ہراس طاری تھا۔ اس موقعہ پر ایک ۲۴ سالہ نوجوان اٹھتا ہے اور برطانیہ کی اسلام دشمنی کو بے نقاب کرنے کے لئے سر دھڑ کی بازی لگا دیتا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے مسئلہ خلافت کو اس نوجوان نے شہر کے مختلف مقامات پر تقاریر کے ذریعہ پیش کیا ہے کہ مسلم عوام تو درکنار غیر مسلم ہندو اور سکھ بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ وہ وقت کی ظالم و جابر حکومت کے مصائب و تشدد سے بے نیاز ہو کر قید و بند کی تکالیف کو سامنے پاتے کے باوجود ان سے نڈر ہو کر اللہ کے بھروسہ پر اپنی اس مہم کو ہر صورت جاری کئے ہوئے ہے۔

یہ وہ زمانہ ہے جب بات کرنا بھی جرم تصور ہوتا تھا کہ حکومت وقت جس کے متعلق یہ بات مشہور ہو گئی تھی کہ ---- "برطانیہ کی حکومت کا سورج غروب نہیں ہوتا" اور بڑے بڑے سورما سہمے بیٹھے تھے، اس پر آشوب دور میں آزادی وطن کا وہ مجاہد جس نے ملک کے کونہ کونہ میں ایک آگ سی لگا دی تھی مولانا سید داؤد غزنوی تھے۔

مولانا سید داؤد غزنوی ---- بیک وقت ایک کامیاب سیاسی بصیرت کے حامل عظیم قائد، مذہبی مسائل پر گہری نظر رکھنے والے بے مثل خطیب، عظیم منتظم اور مفکر تھے۔ امت مسلمہ کی ہر تکلیف پر ان کی آواز سب سے پہلے بلند ہوتی رہی۔ جب انگریز نے اس برصغیر پر ظلم و تشدد ڈھائے تو سینہ تان کر مقابلہ میں آنے والے عالم اسلام پر یہودیوں کی قتل و غارت کے مظالم کی بجلیاں گرنے پر سب سے پہلے تڑپ اٹھنے والے، ان پر خلوص رہنمائی کر جھیلنے والے ---- مسلمانوں کے درد سے معمور سینہ رکھنے والے یہ ---- مولانا سید داؤد غزنوی تھے۔

انگریز کو اس برصغیر سے نکالنے کی ہر تحریک میں وہ ایک مستعد سپاہی اور مستقل جرنیل کی حیثیت میں آگے بڑھے۔ قید فرنگ میں بار بار سختیاں جھیلنے کے باوجود یہ ولولہ کم نہ ہوا بلکہ مزید بڑھتا ہی گیا ---- یہ مولانا داؤد غزنوی تھے جن کے دم قدم سے قومی زندگی میں حرارت اور ولولہ ظاہر ہوا جاتا تھا۔ مولانا غزنوی ایک ایسی شمع فروزاں تھے جس سے مذہب و سیاست دونوں کے ایوان روشن تھے۔

وہ پنجاب کے علماء میں واحد عالم دین تھے جنہوں نے تحریک خلافت کے زمانہ میں انگریزی حکومت کے خلاف اپنا پرچم کھولا۔ مولانا ہی پہلے شخص تھے جنہوں نے امرتسر میں انگریزی حکومت کے خلاف وعظ و ارشاد کا سلسلہ شروع کیا۔ اور یہ عظیم ترین عزت تاریخ نے ان ہی کے سپرد کی کہ پاک و ہند کے عظیم جری سپوت پاسبان ختم نبوت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری مرحوم کو مجذوبانہ منبر و محراب کے حجرہ سے کھینچ کر جادۂ حریت اور آزادی وطن کے میدان میں لا کھڑا کیا۔ امرتسر کی دینی زندگی میں سیاسی جھلک ڈالنے کی ابتداء انہی کی بدولت ہوئی۔ پنجاب میں علماء کی جنگ آزادی کے پہلے سپہ سالار مولانا سید داؤد غزنوی ہی تھے۔

تحریک عدم تعاون میں زندگی پیدا کرنے والے بھی حضرت سید داؤد غزنوی ہی تھے جن کی بدولت یہ تحریک اپنے عروج کو پہنچی۔

مولانا سید داؤد غزنوی ایسی عظیم المرتبت ہستی اور ان کی قربانیوں کی تفصیل پیش کرنے سے قبل خاندان غزنویہ کی مختصر تاریخ دہرانی ضروری ہے تاکہ یہ واضح ہو سکے کہ وہ کس خاندان کے چشم و چراغ تھے۔

مولانا سید داؤد غزنوی مرحوم کے جد امجد حضرت سید عبداللہ غزنوی رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانہ کے بہت بڑے ولی اللہ ہوئے ہیں۔ آپ کا نام نامی والدین نے محمد اعظم رکھا تھا لیکن آپ نے اپنا نام محمد اعظم سے بدل کر عبداللہ رکھ لیا اور فرمایا ---- "محمد گرچہ اعظم و افضل مخلوق است اما رسول اللہ است تسمیہ بعبداللہ خوب است" آپ اکثر فارسی میں گفتگو فرمایا کرتے تھے اور آپ کے خطوط و ملفوظات فارسی ہی میں ہیں۔ طبیعت میں سادگی و انکساری بے حد تھی۔ مولانا و مولوی جیسے الفاظ اپنے نام کے ساتھ پسند نہ فرماتے تھے۔ حضرت سید عبداللہ غزنوی سید شاہ و سید اہل الجنۃ حسین بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہم کی اولاد سے ہیں۔ خراسان میں آپ کا خاندان سیادت و ولایت میں مشہور تھا۔ آپ کے خاندان کو وہ لوگ اصحاب کرامات سمجھتے تھے۔ آپ کے جد امجد سید محمد غوث، قطب الاولیاء سے ہوئے ہیں۔ سید محمد شریف اپنے وقت کے امام و ولی تھے۔ لاکھوں افراد ان سے فیض یاب ہوئے۔ آپ کی شخصیت مرجع خلائق تھی۔ حضرت سید محمد شریف کے صاحبزادے یعنی حضرت سید عبداللہ غزنوی کے والد ماجد عابد و زاہد صاحب کرامت میں سے ہوئے ہیں۔

حضرت سید عبداللہ غزنوی کی پیدائش غزنی کے قریب قصبہ بہادر خیل میں سنہ ۱۲۳۰ھ کے آخری عشرہ میں ہوئی۔ آپ کو بچپن ہی سے علم کا شوق تھا۔ چنانچہ تھوڑے ہی عرصہ میں تحصیل علم سے فارغ ہو گئے۔ بچپن ہی سے آپ کو گوشہ نشینی اور توجہ الی اللہ کا شوق و ذوق تھا۔ اللہ چہرے پر تقویٰ و صالحیت کے آثار نمایاں تھے اس لئے بعض صوفیا اللہ نے آپ کو علماء سو کی مجالس سے دور رہنے اور توجہ الی اللہ کی تلقین فرمائی اور متنبہ کیا کہ یہ علماء سو کی مجالس تمہارے اس نور کو ضائع کر دیں گی جس نور کو ہم تمہارے اندر محسوس کر رہے ہیں۔ وہ ایک وقت میں ظاہر ہو کر رہے گا۔ مشیت ایزدی سے یہ نور ایک دن اوج خراسان پر چمکا اور اپنی نورانی شعاعوں سے ہندوستان کو بھی منور کیا۔ ایام طفولیت کے گذرنے کے بعد شباب کا آغاز ہوا تو آپ کی صلاحیت، تقویٰ اور ذکاوت طبع و جودت فہم کے جوہر روز بروز ملک پر روشن ہونے لگے۔ ایام طفولیت ہی میں اگرچہ آپ کو گوشہ نشینی اور توجہ الی اللہ کا شوق تھا مگر سن شباب شروع ہونے سے یہ ایک کمال شباب کو پہنچا۔

خود فرماتے ہیں :-

"ایک روز مغرب کی نماز کے بعد محض عنایت ایزدی سے ایسا جذبہ غیبی دل پر طاری ہوا کہ تمام ماسویٰ اللہ سے دل خالی ہو کر رب عزوجل کی طرف متوجہ ہو گیا اور یکایک حضور والی یعنی مرتبہ احسان مجھ کو حاصل ہوا جس سے مجھے تمام ماسویٰ اللہ سے نفرت ہو گئی اور تمام مقاصد توکل و قناعت، صبر، رضا، قصر الامل بغیر وسیلہ یا مختلف اشغال صوفیہ کے مجھ کو سب ایک دفعہ ایک ہی وقت میں حاصل ہو گئے۔"

اس کے بعد آپ نے لوگوں سے عام ملاقات میل جول بند کر دیا اور تمام اقارب و احباب کو چھوڑ کر پہاڑ خواجہ بلال پر جہاں کوئی متنفس آباد نہ تھا اقامت فرما ہوئے۔ مگر یہ خلوت تادیر قائم نہ رہ سکی۔ دنیا پہنچ کر وہاں پہنچی اور قدرت جلد خلوت سے جلوت میں لے آئی۔ آپ کی صحبت پاک سے لاتعداد افراد مستفیض ہوئے۔ صوبہ غزنی کے علاوہ قندھار سے ہرات تک کے علماء و مشائخ آپ کی خدمت میں استفادہ کے لئے حاضر ہوئے۔ اس وقت غزنی کی مذہبی حالت یہ تھی کہ خواص و عوام شرک و بدعات و رسوم قبیحہ میں مبتلا تھے اکثر علماء و مشائخ نے ان رسومات کو دین سمجھ رکھا تھا ان حالات میں جبکہ آپ بے حد پریشان و متفکر تھے یہ القا ہوا کہ ان بدعات و رسوم کو سختی سے رد کرو ---- اور خود اتباع کتاب و سنت پر قائم رہو۔ جب آپ کو صحیح بخاری کی ترغیب ہوئی تو آپ کتاب و سنت کے علوم و معارف کی طرف متوجہ ہوئے۔ خدائے تعالیٰ نے آپ کو اس کے لئے عرب و عجم سے نایاب ترین کتب فراہم فرمائیں۔ آپ نے خداداد فہم و جودت طبع اور تعلیم نبوی سے طریقہ علیہ محدثین کو اختیار فرمایا۔

حضرت سید عبداللہ غزنوی نے حدیث کی تفہیم

اس وقت کے محدث کبیر شیخ الکل مولانا سید نذیر حسین محدث دہلوی سے حاصل کی۔

قرآن و سنت کی تفہیم میں آپ ہر مشکل مقام پر وحید العصر فرید الدھر جامع المعقول والمنقول شیخ حبیب اللہ قندھاری قدس اللہ سرہ سے استفادہ فرماتے۔ ایک مرتبہ آپ خود بھی قندھار تشریف لے گئے اور کچھ عرصہ کے لئے مولانا حبیب اللہ قندھاری کے پاس قیام فرمایا کیونکہ خراسان میں اس وقت کوئی بھی شیخ کے سوا طریقہ محدثین سے واقف نہ تھا مگر آپ حکام وقت کے ظلم و جبر سے خاموش تھے حضرت عبداللہ غزنوی جب دوبارہ قندھار تشریف لے گئے تو آپ کے حالات سے متعجب ہو کر شیخ حبیب اللہ نے قندھاری علماء کی بھری مجلس میں فرمایا: "مسائل دینیہ علماں کو یہی شخص ہے جو مجھ سے زیادہ فہم"

یہ ملاقات آپ کی شیخ سے آخری ملاقات اور اس آخری ملاقات میں شیخ نے حضرت سید عبداللہ غزنوی سے فرمایا کہ قندھار آپ کے ملک سے بہت دور ہے آپ اتنی مسافت طے کر کے تشریف نہ لایا کریں کیونکہ میں خوب جانتا ہوں کہ اللہ عزوجل تمہارا مربی ہے۔ تمہیں میری کوئی ضرورت نہیں۔ وہ خود تمہاری حفاظت کرے گا۔ اگر آپ کو کوئی مشکل مقام آیا تو مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کی راہنمائی فرمائیں گے۔"

آپ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت شیخ نے جو کچھ فرمایا تھا ویسا ہی میرے معاملات میں ہوا۔ اس زمانہ میں قندھار، ہرات، غزنی اور قرب و جوار کے علماء و مشائخ آپ کو صاحب احترام و عزت کی نگاہ سے دیکھتے۔ خواص و عوام آپ کی صحبت سے فیض یاب ہوتے۔ حلقہ مریدین و محبین بہت وسیع ہو گیا۔ بڑے بڑے امراء و حکام آپ سے شرف نیاز حاصل کرتے۔

حضرت سید عبداللہ غزنوی کی زندگی کے اس قابل رشک و بے مثال پہلو کا ایک دوسرا رخ بھی تھا کہ بدعت پسند علماء سوء اور گدی نشینوں کو یہ ادا پسند نہ آئی۔ عوام میں توحید راسخ ہوتے دیکھ کر وہ سیخ پا ہو گئے۔ چنانچہ وہ حضرت سید عبداللہ غزنوی کی علانیہ مخالفت پر اتر آئے اور ان کے راستہ میں مشکلات کی سنگین دیواریں کھڑی کرنے کی ٹھان لی۔ اس سلسلہ میں والئ افغانستان دوست محمد خاں سے مراسم پیدا کئے اور اسے کہا کہ یہ شخص ہمارے دین کو دشمن اور ہمارے عقائد و مسلک کا مخالف ہے اور اس کا طریقہ عبادت خدا اور رسولؐ کے مقرر کردہ طریقوں سے مختلف ہے۔ اسے راہ راست پر لانے کے لئے ضروری ہے کہ اسے شدید ترین سزائیں دی جائیں۔ چنانچہ دوست محمد خاں نے حضرت سید عبداللہ غزنوی کو دربار میں بلایا اور ان سے نہایت تحقیر آمیز انداز میں گفتگو کی۔ دوران گفتگو افغان فوج کے کمانڈر انچیف سردار محمد خاں نے بادشاہ سے درخواست کی کہ عبداللہ کو میرے حوالے کر دیا جائے تاکہ میں اس کو توپ کے دہانے پر رکھ کر اڑا دوں۔"

حکومت افغانستان کی طرف سے حضرت سید عبداللہ غزنوی کو اس قدر وحشت ناک سزائیں دی گئیں کہ آپ ملک سے ہجرت کرنے پر مجبور ہوئے۔ آپ نے افغانستان کو اس وقت خیرباد کہا جبکہ پولیس اور فوج آپ کے پیچھے پیچھے پھرنے لگی اور حکام نے عرصہ حیات تنگ کرنا شروع کر دیا۔ حضرت سید غزنوی کے افراد کنبہ پہاڑوں کی غاروں میں جا چھپے اور وہاں جا کر اللہ کی عبادت کرتے رہے لیکن سرکاری آدمی وہاں بھی جا پہنچے اور انہیں آرام نہ لینے دیا۔ ان حالات میں حضرت سید عبداللہ غزنوی نے قصد ہجرت فرمایا اور پنجاب کے لئے رخت سفر باندھا۔ آپ کے بارہ فرزند اور ایک صاحبزادی تھی جن میں حضرت الامام مولانا سید عبدالجبار غزنوی بھی تھے۔ وہ اس وقت اُنیس برس کے نوجوان تھے۔ یہ مسافران راہ حق سب سے پہلے صوبہ سرحد کی ایک درگاہ کوٹھہ شریف پہنچے وہاں کے سجادہ نشین ان کے حالات سے باخبر تھے اور ان کے اصرار پر یہ سال بھر ان کے مہمان رہے۔ صوبہ سرحد کے پہلے وزیر اعظم نواب سر عبدالقیوم خاں اور ان کے والد حضرت سید عبداللہ غزنوی سے بیعت ہوئے۔ بعد ازاں مسافران حق کا یہ قافلہ دہلی اور مختلف مقامات سے ہوتا ہوا لاہور وارد ہوا اور یہاں چند روز ٹھہرنے کے بعد امرتسر کے قریبی گاؤں "خیر دی کے" میں ڈیرے ڈال دیئے یہاں مستقل طور پر قیام پذیر ہوئے اور اپنے مشن کو از سر نو جاری کیا۔ دہلی میں اقامت کے دوران علامہ اقبالؒ بھی ان سے متعارف ہوئے اور ان کی نیک نفسی، روحانی بلندی اور جرأت و استغنا سے بہت متاثر ہوئے۔ علامہ اقبال نے دو روایتیں حضرت سید عبداللہ غزنوی کے متعلق بیان کی ہیں۔

(۱) دہلی میں ۱۸۵۷ء کے انقلاب کا زمانہ تھا۔ گورہ فوج نے چاروں طرف گولیوں سے ہلاکت کا طوفان اٹھا رکھا تھا۔ جامع مسجد اور اس کے گرد و نواح کا علاقہ بالخصوص اس قتل عام کا مرکز تھا۔ ظہر کی نماز کا وقت ہوا تو آپ جامع مسجد کے حوض پر آ گئے۔ گولیاں چلتی رہیں۔ لیکن ان کو ذرا برابر کھٹکا محسوس نہ کیا۔ اس معجزہ نما جرأت ایمانی کو دیکھ کر مقتدیوں نے حوصلہ کیا اور گولیوں کی بوچھاڑ میں وضو کر کے نماز میں لگ گئے۔

دوسرا واقعہ علامہ اقبالؒ نے اپنے ایک مکتوب میں لکھا ہے:

"حدیث کا سبق پڑھا رہے تھے کہ کسی نے آ کر اطلاع دی کہ آپ کا بیٹا قتل ہو گیا ہے۔ آپ نے یہ اندوہناک خبر سنی، ایک منٹ خاموش رہے پھر درس میں مصروف ہو گئے"

حضرت سید عبداللہ غزنوی جب غزنی سے دہلی حضرت شیخ الکل مولانا سید نذیر حسین محدث دہلوی کے مدرسہ میں تحصیل علم کے لئے گئے تو اسی زمانہ قیام میں ۱۸۵۷ء کا انقلاب آپ نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ اس جنگ کے ابتدائی ایام میں جب سلطنت مغلیہ کا بے نظام لشکر اندھا دھند قتل عام کر رہا تھا۔ آپ کو سڑک کے کنارے ایک بے ہوش انگریز عورت نظر آئی جسے مغلیہ لشکر اپنی طرف سے مردہ کر گیا تھا۔ حضرت سید عبداللہ غزنوی اس مجروح عورت کو اٹھا کر اپنے مدرسہ میں لائے اور اس کی تیمارداری کرتے رہے۔ بعد میں جب انگریزی اقتدار نافذ ہو گیا تو آپ اسے جنرل نکلسن کے ہیڈ کوارٹر میں خود پہنچا کر آئے۔ وہ میم جنرل نکلسن کی قریبی رشتہ دار تھی جب اس نے جنرل نکلسن کو اپنی بپتا سنائی اور مولانا غزنوی کے حسن سلوک کا حال سنایا تو مولانا کو فوراً بلایا گیا اور جنرل نکلسن نے اس خدمت کے عوض آپ کو انعام و اکرام دینا چاہا۔ لیکن آپ نے فرمایا:

"مجھی عورت پر ظلم کرنا میرے مذہب کی تعلیمات کے خلاف ہے۔ آپ کی عزیزہ کی خدمت کر کے میں نے اپنے پروردگار کو راضی کیا ہے۔ میں کسی بشر سے اپنی دینی خدمت کا عوض لینا ناجائز سمجھتا ہوں۔"

حضرت سید عبداللہ غزنوی کے اس تقویٰ، خدا ترسی، تعلق باللہ اور ولایت و شرافت و استقامت ہی کا نتیجہ تھا کہ امرتسر میں ایک محلہ غزنویاں کے نام سے منسوب ہو گیا۔

حضرت عبداللہ غزنوی کے بارہ فرزند اور ایک بیٹی تھی۔ جن میں حضرت عبداللہ غزنوی اور حضرت الامام سید عبدالجبار غزنوی اور قطب وقت سید عبدالواحد غزنوی اور مولانا سید عبدالاول غزنوی، حضرت مولانا سید محمد غزنوی زیادہ معروف ہوئے۔ یوں بارہ کے بارہ فرزند اپنی اپنی جگہ قرآن و سنت کے اجل عالم اور اپنے وقت کے امام تھے۔ ہر ایک کے حلقہ درس میں سینکڑوں افراد شریک ہوتے۔

حضرت مولانا سید محمد داؤد غزنوی

حضرت مولانا سید محمد داؤد غزنوی حضرت الامام مولانا سید عبدالجبار غزنوی کے فرزند ارجمند اور بقیۃ السلف قطب الاقطاب حضرت سید عبدالواحد غزنوی کے بھتیجے تھے۔

پیدائش اور تعلیم و تربیت

خود مولانا داؤد غزنوی نے اپنی تاریخ پیدائش آخر جولائی یا اوائل اگست ۱۸۹۵ء لکھی ہے۔ ابتدائی تعلیم آپ نے خاندانی روایات کے مطابق اپنے جلیل القدر والد حضرت الامام مولانا سید عبدالجبار غزنوی سے حاصل کی۔ ابتدائی تعلیم کے بعد اپنے چچاؤں کی صحبت سے فیض حاصل کیا۔ امرتسر سے تعلیم کی تکمیل کے لئے اپنے چچا مولانا سید اسماعیل غزنوی المعروف بہ امام الحاج کے ہمراہ دہلی تشریف لے گئے وہاں آپ نے اسی مدرسہ سے تعلیم حاصل کی جس میں آپ کے جد امجد فیض یاب ہوئے تھے یعنی مولانا سید نذیر حسین محدث دہلوی کے مدرسہ اور مسجد میں قیام فرما ہوئے۔ یہاں تکمیل علم کے بعد دونوں بھائی لکھنؤ گئے جہاں فقہ و منطق کے علوم شیدا علماء سے حاصل کئے۔ مولانا اسماعیل غزنوی تکمیل الطب کالج لکھنؤ میں جب اسلامی کی تعلیم کے لئے ٹھہر گئے لیکن مولانا داؤد غزنوی دستار فضیلت حاصل کر کے امرتسر واپس تشریف لے گئے اور اپنے آبائی مدرسہ میں درس و تدریس کا سلسلہ شروع کر دیا۔ آپ کے اساتذہ کرام میں حضرت مولانا حافظ عبداللہ غازی پوری اور منطق کے شہرہ آفاق عالم

مولانا حبیب الرحمن کی ... خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

یہ زمانہ سب ہی ... سے ہنگامہ خیز تھا۔ مولانا کو جو کام کا ... غزنوی کو گرم ... مسندِ تدریس کی مسند پر ... مسندِ تدریس کو چھوڑ کر میدانِ سیاست میں اتر پڑے اور آتے ہی انگریزی حکومت کے اقتدار کو چیلنج کر دیا۔ یہ زمانہ ہندوستان کی سیاسی زندگی کی بیداری کا تھا۔ ترکی انگریز کے خلاف صف آرا تھا۔ مسلمانانِ ہند کی تمام تر ہمدردیاں ترکی کی خلافت کے ساتھ تھیں۔ خلافت کمیٹی کے معرضِ وجود میں آنے کا سبب بھی دراصل یہی جنگ ہوئی جس کی صورت تھی۔ مولانا غزنوی مرحوم اور مولانا سید ... غزنوی ... مولانا داؤد غزنوی تحریکِ خلافت کے بانیوں میں سرفہرست تھے۔ ۱۹۱۹ء میں آپ نے سیاسیات میں قدم رکھا۔ یہ مولانا کی جوانی کا زمانہ تھا۔ ادھر ... کا جب دور اور انگریز کے جبر و استبداد کا دور سامنے تھا ——— آپ نے مارشل لاء کے حالات کی وحشت کو ختم کرنے کے لئے پوری قوتِ بیان سے کام لیا۔ اس دور میں بھی لوگوں کو ان کی تقریریں سننے کا موقع ملا۔ ان کا کہنا ہے کہ مولانا سید محمد داؤد غزنوی صاحب تقریر کرتے تھے اور انگریزی حکومت کی مخالفت پر تقریریں ... معلوم ہوتا تقریر نہیں کر رہے بلکہ آگ برسا رہے ہیں۔ اُن کی پرجوش تقریروں سے لوگوں کے دلوں سے مارشل لاء کی دہشت دور ہونے اور عوام کو میدانِ حریت کی طرف آنے میں بے حد مدد ملی۔ امرتسر کی مشہور تحریک سول نافرمانی میں ایک ایسا دور بھی آیا جب انگریزی حکومت کچھ عرصہ کے لئے امرتسر شہر کی علمداری سے دستبردار ہو گئی اور کانگریس کمیٹی نے شہر میں متوازی حکومت قائم کر لی۔ اس حکومت میں شہر کے ... حصہ کے ڈکٹیٹر مولانا سید داؤد غزنوی بنائے گئے۔ مولانا کی عمر اس وقت ۲۹ برس تھی۔ اس وقت غیر مسلم شہریوں میں بھی ان کی ہر دلعزیزی کا یہ عالم تھا کہ مولانا نے ... ذخیرہ اندوزی کرنے کے جرم میں شہر کے بڑے بڑے تاجروں پر ہزاروں روپے جرمانہ کیا اور انہوں نے خوشی سے جرمانے ادا کئے۔ ۱۹۱۹ء میں جلیانوالہ باغ کے مشہور واقعہ کے دوران مولانا غزنوی اور آپ کے بھائی مولانا حافظ محمد اسمٰعیل غزنوی کو ان کے احباب اور بزرگوں نے شہر میں گڑبڑ کے باعث زبردستی مسجد غزنویہ کے ایک حجرہ میں مقید کر دیا تھا کہ یہ کسی ہنگامہ میں حصہ نہ لے سکیں۔ جب عصر کی نماز کے لئے ان دونوں کو باہر نکالا گیا تو یہ نماز سے فارغ ہوتے ہی پیچھے سے دیوار پھاند کر جلیانوالہ باغ کی جانب چل پڑے۔ اس طرح یہ دونوں حضرات حادثہ سے بال بال بچے۔ مرحوم کہا کرتے تھے کہ ہم نے جلیانوالہ باغ میں منعقدہ اس عظیم الشان جلسہ میں تقریریں کرنا تھیں۔ مسجد غزنویہ سے نکل کر ... کے قریب پہنچے تو وہاں ایک ... کی دکان پر پان کھانے رک گئے وہیں کچھ دوسرے رفقاء بھی مل گئے۔ پان کھانے کے بعد سب لوگ ایک دوسرے کے ساتھ ... گفتگو میں مصروف ہو گئے ابھی یہ پان کھا ہی رہے تھے کہ جنرل ڈائر ... فوج کے ... ان کے پاس سے گزر ... جب جہاں کمانڈر ... جنرل ڈائر گولی چلا کر اور ... سو افراد کو ہلاک کر کے واپس آ رہا تھا۔ اس طرح یہ دونوں بھائی ... کے ... اس حادثہ سے بال بال بچ گئے۔ خلافت کمیٹی کے ... کانگریس میں شامل ہو گئے تھے۔ اس لئے مولانا کانگریس اور خلافت دونوں کے رکن تھے۔ لکھنؤ کانگریس کے موقع پر خلافت کانفرنس بھی ہوئی۔ اس وقت حجاز پر سلطان ابن سعود نے قبضہ کر لیا تھا۔ علی برادران اور بعض دوسرے خلافتی لیڈر ابن سعود کے وہابی ہونے اور قبہ جات گرانے کے باعث مخالفت رکھتے تھے۔ انہوں نے کانفرنس میں سلطان ابن سعود کے خلاف ایک قرارداد پیش کی۔ دوسرے گروہ میں مولانا ظفر علی خاں، مولانا داؤد غزنوی اور مولانا اسمٰعیل غزنوی جو خود وہابی تھے اور سلطان سے ذاتی مراسم رکھتے تھے۔ انہوں نے ۱۹۲۶ء میں مؤتمر عالم اسلامی میں اس قرارداد کے خلاف تقریریں کیں۔ پنجاب خلافت کمیٹی نے جس میں شیعہ، سنی، اہلحدیث سبھی شامل تھے مل کر مخالفت کا مقابلہ کیا۔ بالخصوص شاہ جی مرحوم نے جوانمردی کا ثبوت دیا اور سلطان کے مخالفین اور حکومتِ وقت کا مقابلہ کیا۔

تحریکِ خلافت کا زمانہ جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ایک سخت ترین دور تھا جبکہ کلمۃ الحق اور آوازۂ حق بلند کرنے آزادی کا نام لینے پر زبانیں کاٹ دی جاتی تھیں۔ انقلاب زندہ باد کہنے کی پاداش میں گرفتار کئے جاتے تھے مولانا داؤد غزنوی نے پہلی دفعہ ... میں جمعیت علماء اسلام کی بنیاد رکھی۔ خلافت کمیٹی کے دوران تین سال قید بامشقت ہوئی۔ سید عطاء اللہ شاہ بخاری اس وقت مدرسہ ... مسجد خیر الدین امرتسر میں مشکوٰۃ وغیرہ پڑھاتے تھے۔ اور اپنے خوش بیان ہونے کی وجہ سے ایک واعظ کی حیثیت سے خاصے مشہور تھے۔ مولانا غزنوی نے ... میں ایک تقریر کی جو ان کی تقاریر میں معرکہ کی تقریر ہے۔ خیال تھا کہ آپ گرفتار ہو جائیں گے۔ دوسرے روز اسی جگہ شاہ جی مرحوم نے تقریر فرمائی۔

شاہ جی کی اس تقریر سے عوام میں غلط فہمیوں کا شدید اندیشہ محسوس کرتے ہوئے مولانا غزنوی شاہ جی کے پاس گئے گفتگو کی۔ حالات اور اخبارات سامنے رکھے۔ شاہ جی نے فرمایا بھائی میں تو کبھی اخبار پڑھتا نہیں اور نہ میں نے کبھی سیاست میں حصہ لیا ہے۔ مجھے حالات کا کوئی علم نہیں۔ مولانا نے بتایا کہ عالمِ اسلام کے ساتھ برطانیہ کیا کچھ کر رہا ہے اور ترکی کے حالات کس خطرناک موڑ پر ہیں۔ آپ میرے ساتھ مل کر کام کریں۔ اس وقت مسلمانوں اور عالمِ اسلام کے ساتھ اس سے بہتر کوئی خیر خواہی نہیں ہو سکتی۔ شاہ صاحب نے مولانا کے ساتھ تقریریں شروع کر دیں اور وہ ان کے دستِ راست بن گئے۔ پھر خلافت کے ایام تسلیم کر لئے گئے اور اپنی ایمان پرور تقاریر سے لوگوں کے اندر حریت و اسلام کی روح پھونکتے رہے۔ (باقی آئندہ)

ترجمہ: سید ابو الفاروق

مسلمانوں کی اصل اساس پاکیزہ روح اور مضبوط ایمان ہے

اس مرتبہ جب مولانا سید ابو الحسن علی حسنی ندوی صاحب رابطہ عالم اسلامی کے اجلاس میں شرکت کے بعد مدینہ منورہ تشریف لائے تو شیخ عبد المعطی بہجت کی دعوت پر جو کہ مدینہ منورہ کے ایک مخلص اور سرگرم داعی ہیں مولانا نے ریاض ترکی میں ایک جلسہ کو خطاب فرمایا۔ دعوت چائے کے بعد جلسہ کا افتتاح ہوا حاضرین میں الکویت جامعہ اسلامیہ کے اساتذہ و طلباء کی بھی معتد بہ تعداد تھی، اس تقریر کا ترجمہ عام قارئین المنبر کے لئے پیش کر رہے ہیں۔ (ادارہ)

الحمد للہ و سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ ۔۔۔ اما بعد

عزیز بھائیو! وقت کم ہے جو کسی طرح گفتگو یا مختلف موضوعات پر اظہار خیال کرنے کیلئے ناکافی ہے اور یہ چیز مقرر کو قدرے مشکل میں مبتلا کر دیتی ہے خصوصاً جبکہ اس قسم کے مختلف عناصر و طبقات کا اجتماع ہو جس سے انشراح قلب ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں تبادلہ خیال کے محدود وقت کے ساتھ مقرر کیلئے اس کا بھی امکان ہو کہ وہ اپنی بات حسب منشاء اظہار خیال کر سکے میرے نزدیک یہ بات قابل ترجیح ہے کہ اس فرصت میں میری گفتگو کا موضوع آپ ہی میں جو مسئلہ ہے اور آپ سے متعلق ہوں۔ آج کل لوگ عصر حاضر میں مسلم معاشرے، اسلامی ممالک اور حکومتیں جن مسائل سے دوچار ہیں ان پر گفتگو کیلئے بہت بیتاب ہیں واقعہ یہ ہے کہ وہ حقیقی اور بنیادی مسئلہ جس سے ہم سب ہر طبقے ہر ماحول اور ہر علاقے میں دوچار ہیں، وہ ہے قحط الرجال کا مسئلہ ہے ہم سب خصوصاً مسلمان مرد اصل افراد کے بحران میں مبتلا ہیں۔

دنیائے اسلام میں قحط الرجال

